سلسلۂ انجمن ترقی اردو نمبر (۵۵)

جنگ نامۂ عالم علی خاں

مصنفۂ

غضنفر حسین مرحوم

(جس میں نواب آصف جاہ نظام الملک مرحوم اور عالم علی خاں صوبیدار دکن کی جنگ کا حال نظم کیا گیا ہے)

مرتبہ

مولوی عبدالحق صاحب، بی۔ اے آنریری سکریٹری انجمن ترقیٔ اردو و اڈیٹر اردو

——o)*(o——

سنہ ۱۹۳۲ع

——§*§——

بہ اہتمام محمد صدیق حسن انجمن ترقی اردو اورنگ آباد دکن کے مطبع میں چھپ کر شائع ہوا

پہلی دفعہ ۵۰۰ جلد

قیمت فی جلد غیر مجلد ۶ آنے

قواعد و ضو

انجمن ترقی اردو اورنگ آباد (دکن)

(۱) سر پرست وہ هوں گے جو پانچ هزار روپے یک مشت یا پانسو روپے سالانہ انجمن کو عطا فرمائیں —
(ان کو تمام مطبوعات انجمن بلاقیمت اعلیٰ قسم کی جلد کے ساتھہ پیش کی جائیں گی)

(۲) معاون وہ هوں گے جو ایک هزار روپے یک مشت یا سالانہ سو روپے عطا فرمائیں گے۔ (انجمن کی تمام مطبوعات ان کو بلا قیمت دی جائیں گی)

(۳) رکن مدامی وہ هوں گے جو ڈھائی سو روپے تک یک مشت عطا فرمائیں گے—

(ان کوتمام مطبوعات انجمن مجلد نصف قیمت پر دی جائیں گی)

(۴) رکن معمولی انجمن کے مطبوعات کے مستقل خریدار هوں گے جو اس بات کی اجازت دیں گے کہ مطبوعات انجمن کی طبع هوتے هی بغیر دریافت کئے بذریعہ قیمت طلب پارسل ان کی خدمت میں بھیج دی جائیں - (ان صاحبوں کو تمام مطبوعات پچیس فی صدی قیمت کم کرکے دی جائیں گی)
مطبوعات میں انجمن کے رسالے بھی شامل هیں

(۵) انجمن کی شاخیں یعنی اردو کتب خانے وہ هیں جو انجمن کو یک مشت سواسو روپیہ یا بارہ روپے سالانہ دیں
(انجمن ان کو اپنی مطبوعات نصف قیمت پر دے گی)

جنگ نامۂ سید عالم علی خاں

فرخ سیر کے عہد سے لیکر محمد شاہ بادشاہ کے کچھہ زمانے تک سید عبداللہ خاں (قطب الملک) اور سید حسین علی خاں (امیر الامرا) سادات بارہ سلطنت کے مالک و مختار تھے - یہ بادشاہ گر تھے اور بادشاہ ان کے ہاتھہ میں کٹ پتلی تھے - نواب نظام الملک (آصف جاہ) سے ان کی ان بن ہوگئی تھی - اس لئے دربار شاہی سے دور رکھنے کے لئے رفیع الدرجات کے عہد میں ان کو صوبہ داریء مالوہ پر مامور کیا گیا - نظام الملک بہادر نے انکار میں مصلحت نہ دیکھی اور بادل ناخواستہ تعمیل حکم کی اور وہاں کے نظم و نسق میں مصروف رہ کو اس خطے کو مفسدوں سے پاک کیا - چونکہ سادات کو نظام الملک بہادر کے بڑھتے ہوے اقتدار اور کثرت فوج کی وجہ سے اندیشہ ہوگیا تھا ، حسین علی خاں نے نظام الملک کو لکھا کہ دکن کے صوبوں کے انتظام کے لئے ہمارا ارادہ ہے کہ ہم صوبۂ مالوہ میں رہیں آپ اپنے لئے

اکبر آباد، الہ آباد، ملتان، برہانپور کے صوبوں میں سے کوئی ایک صوبہ انتخاب کر لیں - نظام الملک اس سے بہت مکدر ہوئے اور اس کا جواب کسی قدر درشتی کے ساتھ دیا - امیر الامرا اور قطب الملک نے نظام الملک کے وکیل کو خلوت میں بلا کر سخت سست کہا - جب اس کی خبر نظام الملک کو پہنچی تو وہ آمادۂ پیکار ہوگئے - کہتے ہیں کہ اس میں محمد امین خاں کے توسط سے شاہی اشارہ بھی تھا - غرض انہوں نے اپنے رفقا کو ساتھ لیکر دکن کی جانب کوچ کیا اور نربدا کو عبور کیا - (وسط جمادی الآخر سنہ ۱۱۳۲ ھ مطابق مئی سنہ ۱۷۲۰ ع) - جب امیر الامرا کو اس کی اطلاع ہوئی تو اس نے دلاور علی خاں بخشی، راجہ بھیم سنگھہ اور راجہ گجک سنگھہ (قلعدار) کو نظام الملک کے تعاقب کے لئے بھیجا - نظام الملک کا ستارہ عروج پر تھا قلعۂ اسیر اور قلعۂ برہانپور بغیر جنگ و جدال کے ہاتھہ آئے اور انور خاں صوبہدار برہانپور اور عوض خاں صوبہدار برار اور رنبھا سردار مرہٹہ اور بہت سے زمیندار اور پٹھان اُن کے شریک حال ہوگئے - جب دلاور علی خاں کا لشکر کوچ کرتا ہوا برہانپور سے جانب مشرق چودہ کوس پر پہنچا تو نظام الملک نے اپنا لشکر اس کے مقابلے کے لئے غیاث خاں کی سرکردگی میں روانہ کیا - لڑائی میں دلاور علی خاں اور اس

کے دونوں راجہ رفیق مارے گئے (۱۹ جون سنہ ۱۷۲۰ ع) —

سید عالم خاں بارہ جس کی عمر بیس سال کی تھی (دیکھو شعر ۴۶) فرخ سیر کے وزیر سید عبداللہ قطب الملک کا بھتیجا اور متبنیٰ تھا - وہ اپنے دوسرے چچا سید حسین علی خاں کے دہلی چلے جانے پر (دسمبر سنہ ۱۷۱۸ ع) دکن کے چھے صوبوں کا صوبیدار یا نائب صوبیدار مقرر کیا گیا تھا (شعر ۳۶) - اسے نظام الملک کے مقابلے کے لئے احکام پہنچے تو وہ فوج لے کر فردا پور میں جو اورنگ آباد سے ۶۰ میل کے فاصلے پر برہانپور اور اورنگ آباد کے درمیاں واقع ہے، خیمہ زن ہوا - نظام الملک برہانپور سے مقابلے کے لئے روانہ ہوے - جب نظام الملک کے لشکر نے دریاے پورنا سے عبور کیا (۲۰ جولائی سنہ ۱۷۲۰ ع) تو عالم علی خاں ۵ شوال سنہ ۱۱۳۲ ھ کو مع اپنے رفقا معمور خاں (دیکھو شعر ۳۱۶) ، غالب خاں (شعر ۲۵۳ ، ۳۰۵) عمر خاں (شعر ۱۶۸ ، ۲۹۳ ، ۳۷۴) میتھے خاں (شعر ۱۶۸ ، ۲۵۳ ، ۴۵۷) محمدی بیگ (شعر ۱۶۸ ، ۲۵۴) ، امین خاں (۱۲۵ ، ۲۵۶ ، ۲۵۹) غیاث الدین خاں ، خواجہ رحمت اللہ ، فدوی خاں وغیرہ اور سرداران دکن و مرہٹہ مقابلے کے لئے آگے بڑھا - نظام الملک نے مرحمت خاں کو اپنے فرزند غازی الدین خاں کی معیت میں ہراول کیا اور عبدالرحیم خاں ،

رعایت خاں ' غیاث خاں ' اختصاص خاں وغیرہ کو میمنہ و میسرہ پر مقرر کرکے خود مع عوض خان قول لشکر میں متمکن ہوے —

عالم علی خاں بڑی مردانگی اور شجاعت سے لڑا اور اگرچہ اس کا سارا بدن زخموں سے چور تھا مگر اُس کا ہر قدم آگے ہی بڑھتا تھا - آخر اسی طرح لڑتے لڑتے یہ بہادر نوجون اس دنیا سے کوچ کر گیا —

اس کے بعد سیدوں کے خاندان نے دولت آباد میں پناہ لی (دیکھو شعر ۴۰۱) خافی خاں کی تاریخ سے اس کی تصدیق ہوتی ہے -

مجھے اس جنگ نامے کے تین نسخے دستیاب ہوے - ایک نسخہ میرا ذاتی ہے اسے (ا) سے تعبیر کیا گیا ہے - دوسرا نسخہ مجھے مولوی عبدالحمید صاحب وکیل کلکٹر نے عنایت فرمایا جو (ب) سے موسوم ہے - اور تیسرا وہ نسخہ ہے جو مسٹر ولیم اَرون (William Irvine) نے مہاراجہ بنارس کے کتب خانہ سے حاصل کیا اور رسالہ انڈین اینٹی کیوری (Indian Antiquary) بابت ماہ جنوری و مارچ سنہ ۱۹۰۴ع میں مع انگریزی ترجمے کے شایع کیا - یہ نسخہ (ج) ہے —

مسٹر اَرون کا نسخہ اول و آخر سے ناقص ہے - عبدالحمید صاحب کے نسخے میں شروع کے کچھہ اشعار غائب ہیں - میرا نسخہ مکمل ہے اور اس کی ترتیب اور تحریر دوسرے نسخوں سے بہتر ہے - اس لئے میں نے اس نسخے کو بنیاد

قرار دیا ہے - البتہ دو ایک جگھہ ایک ایک مصرع غائب ھے اور بعض مقامات پر کوئی کوئی لفظ رہ گیا ہے - کہیں کہیں مصرع پورا کرنے کے لئے قیاس سے جو لفظ بڑھا دئے ھیں انہیں قوسین میں لکھہ دیا ہے - دوسرے نسخوں سے مقابلہ کر کے اختلاف نسخ بھی ظاہر کر دیا ہے - تینوں نسخوں میں اشعار کی کمی بیشی بھی پائی جاتی ہے - جو اشعار نسخہ (۱) میں نہیں اور دوسرے نسخوں سے اضافہ کئے گئے ھیں ان پر علامت X لگا دی گئي ھے اور جن اشعار پر یہ X نشان ھے اس کا مطلب یہ ھے کہ یہ دوسرے نسخوں میں نہیں ھیں —

مسٹر ولیم آرون نے اس کا مصنف "سودشت" بتایا ہے - انہیں اپنے نسخے کے ایک شعر سے دھوکا ھوا ہے - ملاحظہ ھو شعر ۳۱۴ ان کے نسخے میں اس شعر کا دوسرا مصرع یوں ھے —

سو دشتا یہ کیا کیا ستم ھاے ھاے

"سود شتا" الف ندائیہ اور "سودشت" تخلص قرار دیا ہے -

یہ صحیح نہیں ھے یہ لفظ "دستا" ھو گا کاتب نے غلط لکھہ دیا -

دوسرے نسخوں میں یہ مصرع اس طرح ھے —

سو ایسا ستم پر ستم ھاے ھاے

یا یہ ممکن ھے کہ ایسا کو کاتب دشتا لکھہ گیا - کاتبوں سے یہ بعید نہیں - اب انہیں یہ فکر ھوئی کہ اس نظم میں فارسی عربی

کے لفظ بکثرت ہیں یہ ضرور کسی مسلمان کی
لکھی ہوی ہے اور "سودشت" ہندی لفظ ہے
تو انھوں نے یہ تاویل کی کہ اکثر مسلمان مصنف
جب کوی چیز ہندی میں لکھتے تھے تو اس
میں تخلص بھی ہندی رکھتے تھے —

آرون صاحب کے منشی نے مصنف کو پنجابی
بتایا ہے مگر خود وہ اسے بالائی دواب کا خیال
کرتے ہیں جہاں کے سادات بارہ رہنے والے تھے -
لیکن اندرونی شہادت پر غور کرنے کے بعد انھوں
نے یہ قیاس قائم کیا کہ مصنف دکنی ہے اور
چونکہ ولی اس زمانے میں زندہ تھا اور ۱۱۳۲ ھ
میں دھلی میں تھا اور یہ واقعات بھی اسی
سنہ میں واقع ہوے اس لئے غالباً اس کا
مصنف ولی ہے -

مسٹر آرون کا یہ قیاس بالکل صحیح ہے کہ
مصنف دکنی ہے' زبان صاف بتاتی ہے - لیکن
مصنف کے متعلق ان کا قیاس غلط ہے - اس
میں وہ مجبور تھے وہ اپنے نسخے کو کامل سمجھے
ہوے تھے' حالانکہ آخر سے کئی شعر غائب تھے -
مصنف نے خود آخر میں اپنا نام بتادیا ہے -
اگر یہ شعر ان کے نسخے میں ہوتا تو انھیں یہ
الجھن نہ ہوتی —

یہ نظم تاریخی حیثیت رکھتی ہے - اس
میں جو نام اور سنین آئے ہیں وہ تاریخ کے رو
سے بالکل صحیح ہیں - مصنف کو عالم علی خاں
سے ہمدردی معلوم ہوتی ہے - اور وہ حق

بجا نب ہے ۔ اس سن میں جس دلیری
اور جھوٹ سے لڑ کر اس نے جان دی ہے وہ بے شبہ
قابل تعریف ہے ۔ یہاں تک کہ نظام الملک کے
طرف دار مورخوں نے بھی اس کی بہادری کی
تعریف کی ہے ۔ نظم سادہ ہے اور کہیں تصنع
اور تکلف سے کام نہیں لیا ۔ بعضے اشعار موثر بھی
ہیں خصوصاً جب عالم علی خاں ماں سے میدان
جنگ میں جانے کی اجازت مانگتے ہیں اور
رخصت ہوتے ہیں یا جب عالم علی خاں کے مرنے
کی خبر آتی ہے اور ماں اس کا ماتم کرتی ہے —

عبدالحق

یافتاح بخشندہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(۱) اول حمد واجب ھے کرتار کا
دو عالم کے وارث خریدار کا
(۲) قضا اور قدر جس کے ھے ھاتھہ میں
نہیں شک شبہہ کچھہ کسی بات میں
(۳) حکم ھات اوس کے ھے حاکم ھے وہ
سگل عیش و عشرت کا عالم ھے وہ
(۴) نرنجن نرا دھار سبھاں ھے
خداوند برحق مہربان ھے
(۵) ھے خاوند قدرت کا قادر ھے وہ
نہیں دور ھر حال حاضر ھے وہ
(۶) کہ دیدے سرو پاے جلوہ سپہر
دیوے راج سر پر رکھے تاج سر
(۷) اچھے کس کوں حافظ رکھے برقرار
خطا بخش مہرباں پروردگار
(۸) خرابی میں جس کے اشارہ کرے
اوسے ایک پل میں اوارہ کرے
(۹) کرے لطف کی جس کے اوپر نظر
دیوے راج سر پر پھراوے چھتر
(۱۰) کرے مالک سب اس کوں تسدبیر میں
گہماوے حکمت کی زنجیر میں
(۱۱) رکھے عمر دولت کا روشن چراغ
کرے دل کوں ھرغم سوں اوس کے فراغ

شروع کے بیس شعر نسخہ (ب) سے لئے گئے ھیں نسخہ (ا) میں یہ موجود نہیں نسخہ (ج) میں بھی ابتدائی حصہ غائب ھے اور ۴۴ ویں شعر سے شروع ھوتا ھے

(۱۲) رکھے رنگ قدرت کا انسان میں
مکرم کیا اس کوں جس شان میں
(۱۳) جو کچھہ کھیل کھیلے سزاوار ھے
مزاحم نکوی اس کا اظہار ھے
(۱۴) کیا کن کے کہنے میں سارا ظہور
کفر ھور اسلام ظلمات نور
(۱۵) جوواقف ھے وحدت کے میدان کا
ھے غالب دو عالم کے میدان کا
(۱۶) لیجانے لگے جس سے ایمان کوں
مسلط کرے نفس شیطان کوں
(۱۷) رکھے تاابد اوس کوں گمراہ کر
سعادت کے راھاں سوں بیراہ کر
(۱۸) اچھے بے خبر حق سوں بد حال میں
گرفتار دنیا میں جنجال میں
(۱۹) نجانے خدا کوں نجانے رسول
کرے عاقبت اپنی سب خاک دھول
(۲۰) اوسے ھے خبر جس کوں محرم کیا
دنیا کی محبت سوں بے غم کیا
(۲۱) یودوگھر(ن)شیران(ن)کوں سرکھاے ھیں
اتک اس کے پھاندے میں پچتاے ھیں
(۲۲) غنیمت سمجھہ عمر کیا شور ھے
انکھیاں کھول کر دیکھہ اگے گور ھے
(۲۳) یو دھن مال آخر کوں رہ جائیگا
جو کچھہ یہاں کیا ھے سو واں پائیگا

---

(۲۱) (ن) - ھے (ن) - شہرن کے

در نعت محمد مصطفی علیه السلام

(۲۴) محمد نبی پر درود اور (ن) سلام
(ن) جتے اهل اصحاب سب پر مدام
(۲۵) شفیع هے خلائق کے کردار کا
مقرب خدا کے سو دربار کا
-|- (۲۶) اول هیں ابا بکر روشن هلال
صدق اور بزرگی میں هیں بے مثال
+ (۲۷) دوجے هیں عمر یار صاحب وقار
که دائم نبي سوں رهے یار غار
-|- (۲۸) تیجے یار عثمان اهل جناں
جنو کیا جمع سارا قرآن
-|- (۲۹) که چوتھے علی شاه دلدل سوار
جنو نے کی کمر میں رهی ذوالفقار
-|- (۳۰) سبھی چار یاراں میں اهل قدر
حشر کے هیں مسند کے صاحب صدر
(۳۱) زهے پنجتن هیں خدا کے ولی
هراں سو هوا دین روشن جلی
(۳۲) کہا یوں حکایت غنیمت بیاں (ن)
سنو جان دل سے تمہیں بے گماں

---

(۲۴) ت/و ب — ن/ب جتے آل اصحاب پر نت مدام

(۳۲) (ن/ب) سنو اس حکایت کا کیا هے بیاں

(۳۳) عزیزاں ! یو قصہ ھے طوفان کا
اس عالم علی صاحب شان کا

(۳۴) قضا نے سو ھر حال آخر زماں
کہے ھیں نبی سوچ دستا عیاں

(۳۵) عزیزاں یو سب ھیچ در ھیچ ھے
یو قصہ عجب پیچ در پیچ ھے

(۳۶) سنو دوستاں ! ابتدا جنگ کا
زمانے کی گردش و نیرنگ کا

(۳۷) ھے عالم علی سید نام دار
دکھن کے چھ‌صوبوں میں صاحب مدار

X (۳۸) نہ دشمن کسی کانہ کس سوں فساد
و سید جواں مرد عالی نژاد

(۳۹) رھے شہر میں صوبہ داری کرے
تماشے کوں سواری شکاری کرے

X (۴۰) رھے رات دن سب سے اخلاص سوں
نہ دھوکا دھمک کس کے وسواس سوں

(۴۱) نپٹ خوب صورت و صاحب جمال
کہ دنیاں میں کوئی نہیں اوس کے مثال (ن)

(۴۲) عجب قد و قامت بڑی بہار کا
نہ راضی اتھا کس کے آزار کا

(۴۳) لٹکتا چلے جب نکل ناز سوں
امیری کے پوشاک اور ساز (ن) سوں

---

(۴۱) ن/ب کہ ثانی نہیں کوئی اسکے مثال -

(۴۱) ن/ب ھور شان -

(۴۴) دسے کل پیاراں میں پیارا لگے (ن)
چلن چال اوس کا سو نیارا لگے

(۴۵) جوانی میں (وہ) ریش آغاز تھا
نہنی عمر میں صاحب راز تہا

(۴۶) بڑا قد دسے جوں برس تیس کا
ولے عمر تھا بیس اکیس کا

(۴۷) رھے سب سوں ھل مل کے آرام سوں
نہیں کام کچھہ صبح اور شام سوں

(۴۸) یکا یک خبر آشکا را ھوا
گھر ے گھر یو غل اور پکارا ھوا

(۴۹) کہ لے کر نظام الملک فوج سات
چل آتا ھے سیدھا دکھن کیم بات

(۵۰) سو ایتے میں آ کوئی خبر یوں دیا
کہ اونرا نظام الملک نر بدا

(۵۱) تمن سات ھے جنگ ھشیاری کرو
لڑائی کی بیگی تیاری کرو

X (۵۲) سنا ھور رھا دل میں اپنے عجب
لڑائی ھمن سات کیا ھے سبب

(۵۳) ھوی بات سید پہ تحقیق جب
بلا بھیج ارکان دولت کوں سب

---

(۴۴) ن/ب — شکل جس کی نیا روں میں نیارا لگے
چلن چال سکلیاں بھی نیارا لگے

(۵۴) دعایاں اسم سب پڑھانے لگے (ن)
کہ نذراں بزرگاں چڑھانے لگے

X (۵۵) پکانے لگے ہر جنس کے طعام
کھلانے لگے دم بدم صبح شام

(۵۶) ہتی ہور گھوڑے تصدق دیے (ن)
جو کچھ لازماں تہا یو سب کچھ کئے

(۵۷) تصدق دعایاں اتارن لگے
روپے اشرفیاں اتارن لگے (ن)

(۵۸) جہاں (لگ) قطب غوث اور پیر تھے
جہاں لگ ولی خاص گنبھیر (ن) تھے

(۵۹) جہاں لگ جو کوئی صاحب ہوش تھے
زمانے کی گردش (ن) کے سرپوش تھے

---

(۵۴) ن/ب نذر جا بجا جب چڑھانے لگے
دوعایاں اسم تب پڑھانے لگے

(۵۶) ن/ب ہتی اونتھہ گھوڑے تصدق کئے
جو کچھہ جگ میں کرناسوان سب کئے

(۵۷) ن/ج روپے خوان بھر بھر کے وارن لگے

(۵۸) ن/ج خمبیر

(۵۹) ن/ب ج آفت

X ب(۶۰) جہاں لگ مقرب تھے درگاہ کے
جہاں لگ ولی خاص اس راہ کے (ن)

(۶۱) مدد مانگ سب (ن) سوں کیتا سوال
جہاں لگ قلندر تھے اہل کمال

(۶۲) میں فرزند علی کا ہوں آل رسول
کرو عرض میری تم اپنی قبول (ن)

(۶۳) پڑی ہے مجھے آ کے مشکل محال
تمہیں مل کے سب لیو مجکوں سنبھال

(۶۴) رکھو لاج مردوں کے میدان میں
اچھے جان جب لگ میری جان میں (ن)

(۶۵) خدا باج نا کوئی مجھے یار ہے
اسی کے کرم کا مجھہ آدھار ہے

(۶۶) بلا پھر نجومی کُھلایا نجوم
کہو غلغہ کیا ہے کیا دھام دھوم (ن)

---

(۶۰) ن/ج — جہاں تک جو تھے خاص اس راہ کے

(۶۱) ن/ب ج — سکلیاں

(۶۲) ن/ب ج — کرو عرض میرا تم اتنا قبول

(۶۴) ن — اچھے جو ...... الخ
ب — ن/ج اچھے جان جب تئیں الخ

(۶۶) ن/ب ج — کہو کیا ہے یہ غلغہ کیا ہجوم

(۶۷) کہو دن یو کیا ہے ستارہ ہے کون (ن)
فتح کس کی ہے اور اوارہ ہے کون
X (۶۸) وو آیا ہے کیوں کس طرت چال ہے
کہو عاقبت کوں سو کیا حال ہے
X (۶۹) ہے غالب ہمنا پر یا مغلوب ہے
سدا دو شتابی جو کچھہ خوب ہے
(۷۰) اچھے گا رمل میں سو سب بول دیو
بھلا اور برا ایک بیک کھول دیو
بX (۷۱) نواز و نگا تم کوں کرونگا نہال
اڑھاؤنگا تمنا دوشالے و شال
(۷۲) کہے تب نجومیاں نے سب خیر ہے (ن)
ستاروں کی گردش کا تک پھیر ہے
(۷۳) یقیں ہے ہمن کوں فتح پاؤگے
فتح پاکے بیگی سوں پھر آؤگے (ن)
(۷۴) پوچھا بات بعضے فقیر ان بلا
تمھاری اس بات میں کیا صلا (ن)

---

(۶۷) $\frac{\text{ن}}{\text{ج}}$ کہو دن ہے کیسے ستارہ ہے کون

(۷۲) $\frac{\text{ن}}{\text{ج}}$ کہے سب نجومیاں نپت خیر ہے

(۷۳) $\frac{\text{ن}}{\text{ب}}$ فتح پا کے بیگی سوں گھر آؤگے

(۷۴) $\frac{\text{ن}}{\text{ب}}$ سلا

(۷۵) کہے سب فقیراں سن اے نواب (ن)
شہر چھوڑ جانا نہیں ہے ثواب

(۷۶) نجومی کہے ہیں خوش آمد کی بات
کہاں علم کامل ہے ان بیچ (ن) ہات

(۷۷) نہ امراو کوئی صاحب فوج ہے
سپاہی نہ کوئی صاحب اوج ہے (ن)

(۷۸) نوی فوج لشکر نوا ہے (ن) سپاہ
دغا ہے دغا خواہ مخواہ

(۷۹) اتھے بول یاراں سبھی اور شاہ
یو کیا باب ہے تمنا بوجھو صلاح

X (۸۰) اچھیں خیر خواہی میں مستقیم
اوسے بس کفایت کریگا غنیم

---

(۷۵) $\frac{\text{ن}}{\text{ب}}$ کہیں تب فقیروں نے سن اے نواب
شہر چھوڑ جانے میں نہیں کچھ صواب

(۷۶) $\frac{\text{ن}}{\text{ب}}$ کہو ان کے

(۷۷) $\frac{\text{ن}}{\text{ج}}$ شتابي کے کرنے میں کیا بوجھ ہے

(۷۸) $\frac{\text{ن}}{\text{ب ج}}$ کل

(۸۱) سپاہی نجانوں (ن) کہ کل باگ ہیں
صف جنگ میں ایک سوں (ن) یک آگ ہیں

(۸۲) سکت کیا جو کوئی روبرو ہو سکے (ن)
زمین چھاند کے کوئی نہ ہرگز تلے

(۸۳) شجاعت میں (ن) یک زور (ن) بازو کریں
پہاڑاں اچھیں تو (ن) ترازو کریں

(۸۴) کہ یو فوج ہے آج دشمن شکن
اگر ہوے جمع ہند سارا دکھن (ن)

(۸۵) کریں تل اوپر مار تلوار سوں
سگل فوج لشکر کے سردار کوں (ن)

---

(۸۱) ن/ب نہ ہو جو
ن/ب سے ، ن تیں

ن ب ج
(۸۲) ن سکت کیا جو کوئی روبرو ہو کھڑا
ج کھڑا ہو تو چھڑیوں سیں دینگا اُڑا

(۸۳) ن/ب سوں ، ن تیں
ن/ب گر ج

(۸۴) ن/ج اگر ہو جمع ہند ، اگر سبھ دکھن

(۸۵) ن/ب سگل فوج اور ان کے سردار کوں

X (۸۶) لڑیگا وو ھی مرد میدان میں
شجاعت ھے جس مرد کی شان میں
X (۸۷) قدیموں کی اپنے کرو دلبری
یو ھے بات بھاری نہیں سرسری
(۸۸) قدیماں کا اس واسطے مان ھے
سمجھیا ھے وو جس میں کچھہ گیان ھے
(۸۹) رھے ھو کے تم شاہ اندیشہ ناک (ن)
تمہارا ھے حافظ وو اب ذات پاک
(۹۰) یوں ڈر (ن)[1] دل میں مت لاؤ (ن)[2] اس بات کا
بھروسہ ھمن کوں ھے اس سات کا (ن)
(۹۱) قسم ھے قسم پر قسم کار ھے (ن)
عزیزاں تمہارا خدا یار ھے (ن)
(۹۲) کہے سن کے نواب نے ایتی (ن) بات
کہ مرنا و جیونا ھے سب رب کے ھات

---

(۸۹) ن/ج رھے شاہ تب ھو کے المناک
تمہارا ھے حافظ و ھی ذات پاک

(۹۰) ن ۱ / برا / ن ۲ / ایڈنا
ن/ب بھروسہ نہیں ھم^ج کوں اس سات کا
ن/ قسم ھو قسم پن بڑا مار ھے

(۹۱) ن/ب قسم^ج ھی قسم ھے میری یار ھے

(۹۲) ن/ب ج اتنی

(۹۳) جو یاری دے ھمدا نکل جاے گا (ن)
جئے لگ وو دنیاں میں پچتاے گا
(۹۴) مجھے عار ھے عار انکار ھے
کہ تحقیق مرنا سزا وار (ن) ھے
(۹۵) کروں گا جوکچھہ مجھہ سوں ھوآوے گا
یہی نام مردوں کا رہ جائے (ن) گا
(۹۶) نگاہ داشت کی خوب کرنی کئے (ن)
نکلنے کی بیگی اوتاولی کئے
X (۹۷) کسب چھوڑ بہوتوں نے گھوڑے لئے
سپر با نک بہوتوں نے توڑے لئے
X (۹۸) یونہی دیکھنے کے لڑن ھار نہیں
یو ھے مارکا * سخت بیوہار نہیں
(۹۹) کرو گے جو کچھہ سو سمجھہ کر کرو
ھماری نصیحت یو دل میں دھرو

---

(۹۳) ن — جو بازی دی ھنا کوں مل جاے گا
ج جئے تک وہ دنیا موں بچ آے گا

(۹۴) ن — ج سو یک بار

(۹۵) ن — یہی نام دنیاں میں رہ جائے گا
ب

ن اندیشہ سوں کل دل کو خالی کیا
(۹۶) — ب کہ چلنے کی بیگی شتابی کیا

(۹۸) * معرکہ

(۱۰۰) اٹھے بیگ بیگی سوں گھر میں گئے
ادب سوں کھڑے پاس ماں کوں کہے

(۱۰۱) کہ تم ماں میں فرزند بڑےمان کا (ن)
بڑے پیار (کا) ھور بڑے(ما) ن کا

(۱۰۲) سنو تم کہ دلی بہت دور ھے
ھمارا اسم جگ میں مشہور ھے

(۱۰۳) نظام الملک کی خبر ھے گرم
نہیں اب تو رھتی نہ دستی شرم

(۱۰۴) حکم ھووے تو بہار تیرا کروں
برھانپور لگ ایک پھیرا کروں

(۱۰۵) میں پوتا ھوں اس شیر مردان کا
ھوں فرزند نورالدین علی خان کا

(۱۰۶) مجھے بیٹھنا شہر (ن) میں ننگ ھے
اگر آج رستم ستی جنگ ھے

(۱۰۷) یو سن کےکہیں گے سو قطب‌الملک (ن)
دکن میں گیا تھا نظام الملک

(۱۰۸) یو سن کے تعجب کریں گے نواب
کہ فرزند عالم علی کا میاب

---

(۱۰۱) $\frac{ن}{ب}$ تمن ماں میں فرزند ھوں لاڑ کا
بڑے مان کا ھور بڑے پیار کا

(۱۰۶) $\frac{ن}{ب}$ رھنا بڑا $\frac{ن}{ج}$ بیٹھ رھنا بڑا

(۱۰۷) $\frac{ن}{ب}$ ھنسیں گےمجھ اُپر آل قطب الملک

(۱۰۹) ترا جیو کوں اور نکل نا سکا
شجاعت کا ناموس کچھہ نا رکھا (ن)

(۱۱۰) دنیاں میں دوبارا کچھہ آنا نہیں
یو دنیا جنم لگ تھانا (ن) نہیں

(۱۱۱) اگر ھے حیاتی تو پھر آویں گے
فتح پا کے پھر موہ کوں دکھلائیں گے (ن)

(۱۱۲) اپس دل میں ھمنا بسارو (ن) نکو
دعا میں اچھو، نت بسارو نکو

(۱۱۳) پکڑ ھات سونپو خداوند کوں
رھو عیش آرام (ن) آنند سوں

(۱۱۴) کہی ماں نے کیوں کر رضا دیوں تجھے
دکھن میں تیرے باج نہیں کوئی (ن) مجھے

---

(۱۰۹) ن/ب ناکیا

(۱۱۰) ن/ج توکانا

(۱۱۱) ن/ج فتح ھو تو مکھہ آکے دکھلاویں گے

(۱۱۲) ن/ج اتارو

(۱۱۳) ن/ج و

(۱۱۴) ن/ج ھے کون

(۱۱۵) خدا باج ہم کوں سنگاتی نہاں (ن)
مجھے مصلحت یو کچھ بھاتی نہیں

(۱۱۶) نہنا نا بڑا کوئی نہیں سات ہے
تو لڑنے کوں جانا یو (کیا) گھات ہے (ن)

X (۱۱۷) قسم ہے تجھے سیر نواب کا
ہے سوگند تجھے میرے ماں باپ کا

X (۱۱۸) میرے دل منے وہم وسواس ہے
میرے پاس ... ... *

X (۱۱۹) مجھے چھوڑ توں جا اکیلا نکو
یو جانے کا دل میں فکر نا کرو

(۱۲۰) بجد ھو بجد (۲ن) ماں کوں راضی کئے (۱ن)
بھر حال چلنے کی رخصت لئے (ن۱)

X (۱۲۱) میری ننگ و ناموس اور لاج کا
کہا ہے قسم تجھ کوں معراج کا

---

(۱۱۵) ن/ج خدا باج کو تجھ کوں ساتھی نہیں

(۱۱۶) ن/ج توں جاتا ہے لڑنے یہ کیا بات ہے

(۱۱۸) * نسخہ ا میں یہ شعر ناتمام ہے بقیہ دونوں نسخوں میں بھی موجود نہیں —

(۱۲۰) ۲ن/ج به جد و جہد — ۱ن/ج کیا — لیا

X (۱۲۲) تیرا ملک تجھ کوں مبارک اچھو
مدد تجھ کوں ...... * مبارک اچھو

(۱۲۳) چھہ سوار اوس وقت سید کے پاس (ن)
سپاھی قدیم تھے و گھر کے خواص

(۱۲۴) تو دل کیا اور کیا دل کوں تھیت
میں سید ھوں اب کیا دکھاؤنگا پیت

(۱۲۵) بلاے شتابی سوں دیوان کوں
کہا تم لکھو خط علی خان کوں (ن)

(۱۲۶) دکھن میں تھی مرد ھینگے مشہور (ن)
شتابی سے ھم پاس آنا ضرور

(۱۲۷) جلد آؤ اور مہربانی کرو
رفاقت سوں ـل جانفشانی کرو

---

(۱۲۲) * نسخہ ا میں یہ شعر نا تمام ھے بقیہ
دونوں نسخوں میں بھی موجود نہیں -

(۱۲۳) ن/ج چھہ سوار اہ اس وقت سید کے پاس
سپاھی و چیلا و کل عام و خاص
(پہلے مصرع میں کچھہ غلطی ھوگئی ھے)

(۱۲۵) ن/ج کیا اب لکھو خط امین خان کوں

(۱۲۶) ن/ج دکھن میں تمہیں مرد ھوکے مشہور
شتابی ھمن پاس آنا ضرور

(۱۲۸) که یو وقت هے وقت اب کام کا
تمہاری شجاعت کے ننگ نام کا (ن)

(۱۲۹) جو کچھہ تم کہوگے یہ سب هے قبول
هے شاهد، همارا خدا کا (ن) رسول

(۱۳۰) چلا نے لگے جا بجا تھار تھار
روانہ کئے قاصداں ایک بار

(۱۳۱) نگہ داشت (ن) کا خوب گرمی کئے
جنے جو منگیا سوئیچ اس کوں دیے

(۱۳۲) اتھا بارواں (ن) ماہ رجب کا چاند
چلیا گھر سے شمشیر بکتر کوں باند

X (۱۳۳) زرہ بکتراں پاک کرنے لگے
جہاں کے تہاں خوب مرنے لگے

X (۱۳۴) کمانا و ترکش منگا بے شمار
لگے بانٹنے فوج میں ایک بار

X (۱۳۵) شہر میں ڈھنڈورا پھرایا تمام
جہاں لگ سپاهی اچھے نیک نام

---

(۱۲۸) $\frac{ن}{ب}$ تمہاری شجاعت و ننگ نام کا

(۱۲۹) $\frac{ن}{ب}$ و

(۱۳۱) $\frac{ن}{ب}$ نگہہ داش

(۱۳۲) $\frac{ن}{ب}$ اتھی باروین

X (۱۳۶) پنجارے قصای و سبزی فروش
اتھےدیکھہ دل میں ھوا سب کوں جوش

X (۱۳۷) کہ کنجڑے بھٹارے و دھوبی حجام
بھڑا ی بہشتی لہار کئے آ سلام

X (۱۳۸) کمر باندھہ ٹٹو پر اسوار ھو
لے نعل بند .... ھات دھو *

(۱۳۹) کہا جا کے ڈیرا دیو میدان میں
محمدی باغ کے خوب(ن ۱) ارچان(ن ۲) میں

(۱۴۰) نقارے دماے بجاتے چلے
روپے اشرفیاں (ن) لٹاتے چلے

Xب (۱۴۱) دسے یوں سردار ساراں منے (ن)
دسے چاند سارا ستاراں منے

(۱۴۲) کیا جاے ڈیرے میں وودو (ن) مقام
کرے ملک (ن) تدبیر ھر صبح شام

---

(۱۳۸) * نسخہ ا میں یہ شعر نا تمام ھے '

(۱۳۹) ن ۱ / ج — نزک محمدی باغ — ن ۲ / ب ج انچان

(۱۴۰) ن / ج — لئی

(۱۴۱) ن / ج — دسے ھوں اوہ سردار ساریاں منے
که جیوں چاند ھے کل ستاریاں منے

(۱۴۲) ن / ب — بارہ ' ن / ج — چار ایک
ب ج — ذکر

(۱۴۳) جہاں لگ تھے نوکر سپاھی امیر (ن)
بلا کر کہے خان روشن ضمیر
(۱۴۴) شہرچھوڑ ڈیرا میں باھر دیا (ن)
توکل خدا مصطفی پر کیا
(۱۴۵) کہ تم ھو سپاھی میں سردار ھوں
بھلے اور برے کا میں غمخوار ھوں (ن)
(۱۴۶) کہاں ھند یاراں کہاں ھے دکھن
کہاں خویش قربت کہاں ھے وطن (ن)
Xب (۱۴۷) کہاں سوں کہاں اور (ن) کدھر سوں کہاں
کہ بارے (ن ۱) سوں قسمت نے لائی (ن ۲) یہاں

---

(۱۴۳) ن/ج — جہاں لگ تھے سردار، جودھان، بلی
بلا کر کہا سید عالم علی
(۱۴۴) ن/ب — دیا
(۱۴۵) ن/ج — بھلا، یا برا سب کا غمخوار ھوں
(۱۴۶) ن/ج — بارھا
ن/ب — کہاں خویش قریب (اور) کہاں ھیں ھمن
(۱۴۷) ن/ج — سوں
ن ۲/ج — لے آئی ن ۱/ج — بارھے

(۱۴۸) عزیزاں ! میں عالم علی خان ہو ن
جوانی مین سگلیاں میں باجان ھوں
(۱۴۹) جوانی کا کچھہ دل مانں غم نہیں مجھے
مرن اور جیون کا و ھم نہیں مجھے
Xب (۱۵۰) میرے دل کوں رحمت سوں شاباش ھے
جوانی میں جیو کا (ن) بڑی آس ھے
(۱۵۱) جیو ن و و بھلا جو انگے لاج ھے
و گر نہیں تو کیا تخت اور تاج ھے
(۱۵۲) جئے لگ ھو یاراں میرے سات میں (ن)
رھو وقت جن (جنگ) کے میرے ھات میں
(۱۵۳) جدھر مارکا آ پڑ یگا وھاں (ن)
(ن) جدھر کے تدھر بار کرنا وھاں
(۱۵۴) کرو مردمی (ن) دل کوں مردانگی
ھے مشہور مردوں کی مردانگی

---

(۱۵۰) ن/ج جیونا

(۱۵۲) ن/ب جو لگ ھیں یاراں میرے ھات میں
اچھو وقت جنگ کے میرے سات میں

(۱۵۳) ن/ب جدھر معرکہ آ پڑ یگا ندان
ن وو ھر ایک ھو کر سوکرنا وڑان
ن/ج ادھر ایک دل ھو کے کرنا ندان

(۱۵۴) ن/ج مردو ھو

(۱۵۵) * ھے یاراں (ن) کا دل جگ سنے زنگ نام
میں منگتا خدا سوں یہی صبح شام

(۱۵۶) جو آیا ھے وو پھر کے مر جائیگا (ن)
نہ کچھہ سات لایا نہ لے جائیگا

Xب (۱۵۷) خبر سن مقاماں کی ماں مہربان
تڑپنے لگے دیکھنے جھو پران (ن)

X ب ج (۱۵۸) گئی شہر کے باھر جاکر ملي (ن)
نپت آرزو سو ن لگا ے لگی

(۱۵۹) کہے ماں سوں میں پھر تم کوں کہاں پاؤنگا
اگر جنگ میں سوں میں پھر آؤنگا

---

(۱۵۵) ن/ب ھے بارے کا کل ھند میں نیک نام
میں منگتا ھوں نت آبرو صبح شام

* ھے کي بجاے غالباً رھے زیادہ موزوں ھوگا

(۱۵۶) ن/ب ج جو آیا ھے سو پھر وہ مر جائیگا

(۱۵۷) (ن) تڑپنا لگا جیو اور سبھہ پران

(۱۵۸) ن/ج گئی شہر کے باھر ےجا ملی
نپت آرزو سوں لگایا گلی

(۱۵۹) ن/ج اگر جگ میں سو باز پھر آوں گا

(۱۶۰) عبث پھر کے تصدیع کیسے تمن
پھر آتے تھے بیگی شتابی ھمن

(۱۶۱) نکو دل کوں تم بیقراری کرو
شہر کی طرت اب سواری کرو

(۱۶۲) کہی ماں نے نہیں چین دل کوں مجھے
میں دیکھو نگی پھرکرسوں دن تجھے

(۱۶۳) کروں کیا مجھے صبر آتا نہیں
تیرے باج مجھہ کچھہ سو بھاتا نہیں

(۱۶۴) یک یک دن مجھے ھے اک اک سال کا
خدا کوں خبر ھے میرے حال کا

(۱۶۵) نصیباں میں کیا ھے نہیں کچھہ خبر
کہ دیوناں ھوا ھے مجھے جیوں زھر

(۱۶۶) منگا و سر و پا و دستار یو
میرے روبرو جواب بھرسب کوں دیو

(۱۶۷) لے (ن) آئے سرو پا و بڑے مول کی
زر زر کشی و صات لئی مول کی

(۱۶۸) بولاے لطیف خان (ن) عمر خان کوں
محمدی بیگ کوں او متھے خان کوں

---

(۱۶۷) (ن) بلا کر

(۱۶۸) $\frac{ن}{ج}$ لطف خان

(۱۶۹) زاهدخان جہاں لگ آتھے اس پاس (ن)
پھر اے ... ...

(۱۷۰) سروپا و ہر یک کوں سو دینے لگے
سلام اور تسلیم لینے لگے (ن)

(۱۷۱) کہی بعد ازاں سب کوں سوگند ہے
کہ عالم علی مجکوں دلبند ہے

(۱۷۲) نہک کی شرط سب بجا لاو گے
سو وہیں پھر کے سب مرتبا پاوگے (ن)

(۱۷۳) خدا تم سبھوں کا نگہبان ہے
بڑی بست دنیا میں ایہان ہے

(۱۷۴) کئے عہد ساریاں نے سوگند کھا
کہ مالک ہمارا دلوں کا خدا

(۱۷۵) جب لگ * تن منے جیو ہے دمبدم (ن)
اچھیں گے حضوری میں ثابت قدم

---

(۱۶۹) ن/ج جہاں لگ تھے سردار تے روشناس
بلا بھیج کر سب کے آئیں پاس

(۱۷۰) ن/ج بجالاے تسلیم، لینے لگے

(۱۷۲) ن/ج تو دل سا چھہ پھر ... ...

ن * جلگ ہونا چاہئے
(۱۷۵) ن/ج جب لگ جیو تن موں ہے او دم میں دم

(۱۷۶) قدم سوں قدم ھات سوں ھات جور
رھیں گے کہ جب ھووے دشمن کا زور (ن)

(۱۷۷) ھمن دل سوں قربان ھیں جاں نثار
رکھو دل کوں صاحب تمہیں برقرار

(۱۷۸) کہی آفریں تم نمک خوار ھو
وفادار بےشک و غم خوار (ن) ھو

(۱۷۹) کییے ماں کوں تسلیم دینی سلام (ن)
کییے کوچ بیگی سوں بس والسلام

(۱۸۰) چلے ھو کہ بیگی اوتر گھات کوں
لیکر لاو لشکر بڑے ٹھات سوں

(۱۸۱) گییے ایدلاباد تیرا کییے
ندی دیکھہ کر پور ستی کئے

(۱۸۲) کہے فوج ایدی کا کیا ھے شمار
جو دیکھے تو موجود چالیس ھزار

(۱۸۳) تھے انئے تتر نال گیج ذل بان
سنئے کوئی شلک تو جاوے پران

---

(۱۷۶) — (کریں گے کی جگہہ لڑیں گے اور جب کی
ن کریں گے جب لک ھوگی دشمن کی موڑ
ج جگہہ جلگ ھونا چاھئے

(۱۷۸) — ن دلدار
ج

۱۷۹ — ن وداع ھو پراں ماں کو کیدا سلام
ج (پراں کی جگہہ بزاں ھونا چاھئے

(۱۸۴) تھے توپاں ایتے رھکلے بے شمار (ن)

....

(۱۸۵) نظام الملک پر ھوا جب یقین
کہ اب جنگ ثابت ہے بے کات وشئین

(۱۸۶) کہلا کر دو بھیجا سلام اور دعا (ن)
لڑائی میرے سات کیا ہے نفا

(۱۸۷) کہے ہیں دکھن میں مجھے صوبہ دار
لڑائی کا ست دیو دل سوں بچار

(۱۸۸) چلے جاو سیدھے ہندوستان کوں
چچا پاس اپنے تم آمان سوں

(۱۸۹) میں لڑکے سوں کیا تیغ بازی کروں
بھلا ہے جو کچھہ کار سازی کروں

(۱۹۰) سنا جب خبر سید عالی جناب
کہا دیو بیگی سوں اس کا جواب

(۱۹۱) ننھی عمر ہے پن میں لڑکا نہیں
کسی بات کا دل میں دھڑکا نہیں

(۱۹۲) میں سیدھوں تم دل میں کہا لائے ہو
میرے ملک پر چلکے کیوں آئے ہو

---

(۱۸۴) ن — رھکلے و توپاں تھے اتلے سنکات
ج کہے کیا نہیں کوئی کہنے کی بات

(۱۸۶) ن — کہا یا سلام اور کہا یا دعا
ج کہ لڑنا مرے ساتھہ کچھہ نہیں نفا

(۱۹۳) مجھے عار ہے عار ! ننگ (ن)
چلے آو بیگی نہ لاؤ درنگ

(۱۹۴) اگر لاکھہ دو لاکھہ فوجاں ملیں
کہ (جس سے) طبق سب زمیں کے ہلیں

(۱۹۵) میں وو شخص ہوں جو تلن ہار نہیں
شجاعت میری کس پر اظہار نہیں

(۱۹۶) اگر ہے حیاتی تو غم نہیں مجھے
اگر موت ہے تو وہم نہیں مجھے

(۱۹۷) جو مارا ہے قسمت میں میرے قلم
نہووے زیادہ و ناں ہووے کم (ن)

(۱۹۸) رضا پر میں راضی ہوں جو ہے رضا (ن)
و ہی ہوئیگا جو کریگا خدا

(۱۹۹) میں راضی رضا پر ہو باندھا کمر
رکھا ہوں میں القصد حق پر نظر

(۲۰۰) خدا کا کرم مصطفے کی پناہ
میں رکھتا ہوں اس بات پر سب نگاہ

---

(۱۹۳) ن/ج مجھے عار ہی عار ہے عار ننگ

(۱۹۷) ن/ج نہو کا زیادہ نہووے کا کم

(۱۹۸) ب/ج میں راضی رضا پر ہوں جو کچھہ رضا
وہی خوب ہے جو کرے کا خدا

(۲۰۱) پھر حال لے فوج اُتریا ندی (ن)
پکڑ دل میں دعوی وو دندی بدی
(۲۰۲) ایدھر سوں یو لشکر اودھر سوں وو فوج
پڑی آکر جس میں سمندر کی موج (ن)
(۲۰۳) تفاوت رہا کوس دو چار کا
حکم تب ہوا اس جو کرتار کا
(۲۰۴) حکم تب ہوا صاحب ذوالجلال (ن)
برسنے لگیا رات دن برشگال
(۲۰۵) دتیک دن سو گزرے اسی بات کوں
دیا کوئی خبر آ ادھی رات کوں
(۲۰۶) صبا جنگ ہوئیگا یو ہے خبر
یہی ذکر لشکر میں ہے گھر بہ گھر
(۲۰۷) کہا جھوٹ ہے کر کیا اعتبار (ن)
ہمارے ہیں جاسوس ہر تہار تہار

---

(۲۰۱) ن/ج پھر حال اوہ فوج اتری ندی
پکڑ دل سنے دند دعوی بدی

(۲۰۲) ن/ج پڑے ان نزک جوں سمدر کی فوج

(۲۰۴) ن/ج نپٹ داب آبی الگے تب ابھال

(۲۰۷) ن/ج کہا جھوٹ ہے یا نہیں کیا اعتبار
ہمارے ہیں جاسوس بھی ہوشیار

(۲۰۸) نجانے کہ جاسوس و قاصد تمام
هوے هیں نظام الملک کے غلام

(۲۰۹) تھی تاریخ چھتی ماہ شوال کی
بڑی نحس تر سخت جنجال کی

(۲۱۰) اتھا روز ایتوار کا نابکار
گھڑی تھی وو مریخ کی آشکار (ن)

(۲۱۱) تھی ساعت او ساعت بہت خوں فشاں
ستارہ زحل کا اتھا بے گماں

(۲۱۲) صبح کے وقت سید نیک نام
اوتھا بولتا هوا یے خوش کلام (ن)

(۲۱۳) کہو کیا خبر آج هے دوستاں
اُتھا بول بیگی سے عباس خاں

(۲۱۴) خبر جنگ کی آج هے تھار تھار
یہی غل هے سب فوج میں آشکار

(۲۱۵) سو جاسوس ایسے میں آیا شتاب
پسینے میں دستا هے جیوں غرق آب

(۲۱۶) کھڑا هو کے بولیا کہ اے دستگیر
نظام الملک فوج لے کر کثیر

(۲۱۷) نقارا کرایا هے اے قبلہ گاہ
حکم کر جو تیار هووے سپاہ

---

(۲۱۰) ن/ج — اشکبار

(۲۱۲) ن/ج — اتھا اور لگا بولنے خوش کلام

(۲۱۸) وو عالم علی سید مہرباں
شجاعت کا ظاہر ہے جس میں نشاں

(۲۱۹) سنا سو ئیچہ بکتر منگا یا شتاب
ہوا مستعد خان عالی جناب

(۲۲۰) کہا لاو میرا جو کچھہ ساج ہے
مجھے کام دشمن ستی آج ہے

(۲۲۱) کٹاری و نیزہ و شمشیر لاو
جو ترکش ہیں خاصے سو بیگی منگاو

(۲۲۲) منگاو میرا خود توڑا منگاو
میرے خاص گھوڑوں کوں پاکھر لگاو

(۲۲۳) منگا اوز کہاناں میری سات کیاں
کہ ہیں رات دن وو میری ہات کیاں

(۲۲۴) منگا او سپر آہنی پھول دار
کہ رہتے ہیں وو نت میرے گلے میں ہار*

(۲۲۵) منگا او میرا بانک خنجر منگاو
میری خاص پالکی کوں جھالر لگاو

(۲۲۶) میرے ہاتی کوں جاکے صندل لگاؤ
وقت لئی ہوا ہے درنگ مت لگاو

(۲۲۷) کیا جا غسل کر اوٹھایا دو ہات
کہا یا نبی سرور کائنات

(۲۲۸) تمن کوں میری آج یو لاج ہے
مدد کوی تم بن نہیں آج ہے

---

(۲۲۹) کمربانده بہاتا اشکوں پنہال (ن)
